راجکمل پکچرز کا

दो आंखें बारह हाथ

دو آنکھیں
بارہ ہاتھ

ستارے

وی شانتارام بسندھیا بی۔ ایم ویاس وغیرہ

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

گانا نمبر ۵ — دو آنکھیں بارہ ہاتھ کے لئے

لتا —

سیّاں جھوٹوں کا بڑا سرتاج نکلا
مجھے چھوڑ چلا، مکھ موڑ چلا
دِل توڑ چلا، بڑا دھوکے باز نکلا
چل دیا ظلمی مجھ سے بہانا بنا
میرے منانے سے دِل کوئی نہ بنا
بڑا انوکھا وہ تیر انداز نکلا
مجھے چھوڑ چلا...
بڑا دھوکے باز نکلا — سیّاں...
کچھ دنوں سے پیا ہم سے نا بولتا
نا ہمارا گھونگھٹوا کا پٹ کھولتا
اس گپ چپ کا بھید دیکھو آج نکلا
مجھے چھوڑ چلا...
دِل توڑ چلا بڑا دھوکے باز نکلا — سیّاں...
میں نے اِک دن ذرا سی جو کی مسخری
چلا نظریں گھما کے وہ غصے بھری
میرا چھیلا بڑا ناراض نکلا
مجھے چھوڑ چلا...
دِل توڑ چلا بڑا دھوکے باز نکلا — سیّاں...
پردیسی کی پریت بڑی ہوتی بری

جیسی میٹھی زہر کی ہو میٹھی چھری
مَیں تو بھولی تھی وہ چالباز نکلا
مجھے چھوڑ چلا...
دل توڑ چلا بڑا دھوکے باز نکلا — سیّاں۔۔

گانا نمبر ۲

آؤ آؤ ہونہار ہو پیارے بچے عُمر کے کچے
بات کے سچے جیون کی اِک بات بتاؤں
مصیبتوں سے ڈرو نہیں بُزدل بن کے مرو نہیں
روتے روتے کیا ہے جینا ناچو دُکھ میں تان کے سینہ
تک تک گھیم گھوم
رات اندھیاری ہو
گھِری گھٹائیں کاری ہوں راستہ سنسان ہو
آندھی اور طوفان ہو منزل تیری دُور ہو
پاؤں تیرے مجبور ہوں تو کیا کرو گے؟
رُک جاؤ گے

نا

تو کیا کرو گے تک تک گھیم گھیم
دیش میں وِپدا بھاری ہو جنتا سب دُکھیاری ہو
بھُکمری آکال ہو باڑھ اور بھونچال ہو
مُلک میں ہاہاکار ہو چاروں طرف پکار ہو
تو کیا کرو گے؟
چُپ بیٹھو گے

نا

تو کیا کروگے
تک تک گھوم گھوم

انسانوں کے دُکھ پہچان
کرکے اپنا سب قربان یے بس کا گھر بس جائے
اپنا گھر جو اُجڑ جائے اوروں کا کرکے آباد
ہوئے اگرچہ تم برباد
تو کیا کروگے؟
روؤگے

نا

تو کیا کروگے تک تک گھوم گھوم

گانا نمبر۳

ہو اُمڑ گھمڑ کر آئی رے گھٹا
کارے کارے بدرا کی چھائی چھائی رے چھٹا
سن سنن پون کا لاگا رے تیر بادل کو چیر نکلا رے نیر
جھر جھر جھر جھر اب تمہار جھرے
او دھرتی جل سے مانگ بھرے
ننھی ننھی بوندا بیوں کی کھنن کھنن کھن کھنری
بجلی آئی دیکھو بھائی بر کھا دُلہنیاں
چھک چھک چھک چھمک سیّاں آج
ڈار دوں گل بیّاں چھمک سیّاں
میں تو ناچوں تیرے سنگ سنگ سیّاں ہو سیّاں

پو ساون کا سندیس لیکر نکلی اپنے گھر سے
جو کوئی اُسکے پیار کو ترسے دی زہریلی ترسے
کارے کارے بادروا کی جھنن جھنن جھن جھانجھری
بجاتی آئی دیکھو بھائی برکھا دلہنیاں
ہیرا اُٹھ گھٹ....
میٹھی میٹھی مست تیون کی سنن سنن سن بنسری
بجاتی آئی ....
ہری ہری چنری سلمے، کلیوں کا کنگنا باجے
دیکھ کے اپنی برکھا رانی کی میٹھی سنہ کان رے
ساون کی دلہنیا دیکھو چمک اُٹھی ہے شان رے
گوری گوری بھریا کی چھنک چھنک جھم انگڑائی
چھنکاتی آئی دیکھو بھائی برکھا دلہنیاں
ہیرا اُٹھ.....
رنگ برنگی جھولی بھر کے بھرن بھرن بھنڈار رے
لٹاتی آئی دیکھو بھائی برکھا دلہنیاں
دھرتی نے گگری کھولی بھر دو بھر دو اپنی جھولی انمول بھیٹ
کھولو کھولو خوشیوں کی ہولی ہے ہولی ہے ہولی
دھن دھن ہماری دھرتی
سب کے جیون کے ہر ادھورے سپنے پورے کرتی
دیکھو دیکھو گھر گھر ہمارے لہر لہر آنند کی
لہراتی آئی دیکھو بھائی برکھا دلہنیاں
ہیرا اُٹھ گھٹ....

گانا نمبر ۴

میں گاؤں تو چپ ہو جا میں جاگوں رے تو سو جا
دھرتی کی کایا سوئی امبر کی مایا سوئی
جھلمل تاروں کے نیچے سپنوں کی چھایا سوئی
میں ڈھونڈوں رے تو کھو جا میں جاگوں رے تو سو جا
جانے ہوائیں کہاں کھوئی ساگر کی لہریں سوئی
دنیا کا سب دکھڑا لے کے
تیری یہ دو انکھیاں رے کیوں روئی
آنسو کے شبنم دھو جا میں جاگوں رے تو سو جا
آنسو تیرے مجھ کو دے دے بدلے میں میری ہنسی لے لے
تیرا تو من سکھ سے کھیلے
میرا ہردیہ تیرا دکھ جھیلے
نئے بیج خوشی کے بو جا میں جاگوں رے تو سو جا

گانا نمبر ۵

شاد — اے مالک تیرے بندے ہم ایسے ہوں ہمارے کرم
نیکی پر چلیں اور بدی سے ٹلیں
تا کہ ہنستے ہوئے نکلے دم
اے مالک....
بڑا کمزور ہے آدمی ابھی لاکھوں ہیں اس میں کمی
پر تو جو کھڑا ہے دیالو بڑا
تیری کرپا سے دھرتی تھمی
دیا تو نے ہمیں جب جنم

تو ہی جھیلے گا ہم سب کے غم
نیکی پر چلیں اور بدی سے ٹلیں
تاکہ ہنستے ہوئے نکلے دم
اے مالک......

جب ظالموں کا ہو سامنا تب تو ہی ہمیں تھامنا
وہ برائی کریں ہم بھلائی کریں
نہیں بدلے کی ہو کامنا بڑھ اٹھے پیار کا ہر قدم
اور مٹے بیر کا یہ بھرم
نیکی پر چلیں اور بدی سے ٹلیں
تاکہ ہنستے ہوئے نکلے دم — اے مالک......

ختم شد

عملیات تسخیر محبوب عرف ہمدرد عشاق

اگر آپ کا دل کسی کافر جمال حسینہ کی زلف گرہ گیر میں اسیر ہے۔ اور کامیابی کی کوئی سبیل نظر نہیں آتی۔ منت سماجت کرتے کرتے آپ مایوس ہو چکے ہیں۔ تو اشا ہی ہماری یہ کتاب طلب فرمائیے۔ اس کے بہترین عملیات تیر بہدف ثابت ہو چکے ہیں۔ جن پر عمل کرنے اور اقتداء کرنے سے آپ اپنا مقصد فورا پورا کر سکتے ہیں۔ ہزارہا اشخاص کا بارہا تجربہ کیا ہوا ہے۔ اس کا کوئی عمل کبھی خطا نہیں جاتا۔ آپ اس نادر چیز سے خاطر خواہ فائدہ اُٹھائیے۔

قیمت صرف ۔۱؍۸؍ محصولڈاک معاف

اندر جال یہ جادو کی وہ مشہور کتاب ہے جس کے لئے اردو داں احباب ایک مدت سے متجسس تھے۔ ہم نے زر کثیر خرچ کر کے اسے شائع کرایا ہے۔

قیمت صرف ۔۱؍۸؍ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

الٰہ آباد پریس دہلی